سوال

زیرناف کے بال بیوی سے صاف کروانا

جواب

میاں بیوی کا ایک دوسرے کے زیرناف بال صاف کرنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کوئی شخص اپنے زیرناف بال اپنی بیوی سے صاف کرواتا ہے اور بیوی کے زیرناف بال خود صاف کرتا ہے اور یہ کام دونوں کی رضامندی اور خوشی سے ہوتا ہے؟ کیا یہ جائز ہے؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اس عمل کی شریعت بظاہر کوئی ممانعت موجود نہیں ہے، کیونکہ میاں بیوی ایک دوسرے کا سارا جسم دیکھ سکتے ہیں اور ایک دوسرے سے فائدہ بھی اٹھا سکتے ہیں۔ جب دیکھا جا سکتا ہے تو بال کاٹنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اللہ تعالی نے میاں بیوی کو ایک دوسرے کے لئے لباس قرار دیا ہے۔ ارشاد باری تعالی ہے۔ هُنَّ لِبَاسٌ لَكُمْ وَأَنْتُمْ لِبَاسٌ لَهُنَّ (البقرة : 187) وہ تمہارے لئے لباس ہیں اور تم ان کے لئے لباس ہو۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دار الافتاء محدث